**ZIAUDDIN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**Total Time 3 hours**
**Total Marks: 75**

**Class: IX**
**Time Allowed: 20 minutes**
**Q1:**

## MODEL PAPER EXAMINATION 2025
## SUBJECT: URDU LAZMI
## (SECTION "A")

**Marks: 15**

حصہ:"الف"(لازمی) کثیر الانتخابی سوالات

سوال ا: دیئے ہوئے ممکنہ جوابات میں سے ہر **ایک** کے لیے درست جواب کا انتخاب کیجیۓ۔ (15)

1. ہمدردی سے تمام قوم میں __________ پھیل جاتی ہے۔

A۔ مشق اور تعلیم　B۔ محنت　C۔ بحث ومباحثے　D۔ افواہیں

2. فتح اللہ خان کی ________ بیٹیاں تھیں۔

A۔ دو　B۔ چار　C۔ پانچ　D۔ چھ

3. حسن آرا کے مزاج کی افتاد ایسی بری پڑی تھی کہ اپنے گھر ہی میں سب سے تھا۔

A۔ پیار　B۔ بگاڑ　C۔ ملال　D۔ میل

4. مراۃ العروس، توبتہ النصوح، ابن الوقت اور بنات النعش __________ کے مشہور ناول ہیں۔

A۔ میرزا ادیب　B۔ محمد حسین آزاد　C۔ ڈپٹی نذیر احمد　D۔ شبلی نعمانی

5. منشی پریم چند اس شہر میں پیدا ہوئے۔

A۔ دہلی　B۔ لکھنو　C۔ بنارس　D۔ آلہ آباد

6. سبق بوڑھی کاکی انہوں نے تحریر کیا۔

A۔ ڈپٹی نذیر احمد　B۔ منشی پریم چند　C۔ ڈاکٹر نبی بخش بلوچ　D۔ مرزا ادیب

7. ایک ساہوکار جس کے پاس بے شمار دھن دولت تھی اس کے کتنے بیٹے تھے۔

A۔ دو　B۔ چار　C۔ پانچ　D۔ چھ

8. شہید میرزا ادیب کے ڈرامے سے ماخوذ ہے۔

A۔ مٹی کا دیا　B۔ خاک وخون　C۔ قرطبہ کا قاضی　D۔ وطن کا سپاہی

9. وطن کی خاطر جان دے دینا یعنی ________ کا شرف ہر ایک کو کہاں نصیب ہوتا ہے۔

A۔ شہادت　B۔ سعادت　C۔ شرافت　D۔ کرامت

10. مولوی عبدالحق کا سن پیدائش 1870ء ہے۔ ان کا سن وفات یہ ہے۔

A۔ 1961ء　B۔ 1962ء　C۔ 1963ء　D۔ 1964ء

11. ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کا سن پیدائش ہے؟

A۔ 1915ء　B۔ 1914ء　C۔ 1913ء　D۔ 1912ء

12. مسلمانوں نے _____ سن کی جنگ میں آزادی میں اپنے قدم جمانے کی کوشش کی۔

A۔ 1860　B۔ 1859　C۔ 1858　D۔ 1857

13. ستمبر 1965ء میں ______ کی بمباری سے مکان کافی حد تک متاثر ہو چکا تھا۔

A۔ پاکستان　B۔ ایران　C۔ افغانستان　D۔ بھارت

14. ڈپٹی نذیر احمد کی ولادت کا سن 1831ء ہے ان کی وفات اس سن میں ہوئی۔

A۔ 1909ء　B۔ 1910ء　C۔ 1911ء　D۔ 1912ء

15. سبق نظریہ پاکستان کے مصنف ہیں

A. الطاف حسین حالی　B. مولوی عبدالحق　C. ڈاکٹر غلام مصطفی خان　D. نزیر احمد

**END OF SECTION A**

**Class: IX**
**Time: 2 hours 40 minutes**

## MODEL PAPER EXAMINATION 2025
## SUBJECT: URDU LAZMI (SECTION "B" AND SECTION "C")
## SECTION "B" (SHORT ANSWER QUESTIONS)

**Total Marks 60**
**30 Marks**

حصہ "ب"

سوال ۲: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی دو کے مختصر جوابات تحریر کیجیۓ۔ (6)

i. بوڑھی کاکی نے اپنی ساری جائیداد بدھ رام کے نام کیوں لکھ دی تھی؟
ii. بادشاہ نے کیا فیصلہ کیا؟
iii. قانون ادب سے کیا مراد ہے؟
iv. دنیا میں قومیت کی تشکیل کے دو بنیادی نظریئے کون کون سے ہیں؟
v. سر سید احمد خان کا ہندو اور مسلمان قوموں کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟

سوال ۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** سبق کا انتخاب کر کے درج ذیل ہدایات پر عمل کیجیۓ۔ (5)

(الف) سبق کے مصنف کا نام اور مختصر تعارف تحریر کیجیۓ
(ب) سبق کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیۓ

i۔ رشتہ ناتا
ii۔ بوڑھی کاکی
iii۔ اصغری نے لڑکیوں کا مکتب بٹھایا

سوال ۴: مندرجہ ذیل میں سے کسی **ایک** نظم کا مرکزی خیال یا خلاصہ شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔ (5)

i. گرمی کی شدت
ii. حمد

**ZIAUDDIN UNIVERSITY**
EXAMINATION BOARD

**Total Time 3 hours**
**Total Marks: 75**

سوال۵: (الف) مندرجہ ذیل میں سے دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے۔ (6)

i۔ قافیہ    ii۔ مجاز مرسل    iii۔ تخلص    iv۔ کنایہ

یا

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اصناف ادب کی تعریف بیان کریں۔

i۔ جم غفیر    ii۔ بھنڈارے    iii۔ دریغ ہونا    iv۔ نالاں    v۔ قباحت

سوال۶: (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجیے. (4)

i۔ مرکب تام    ii۔ اسم مکبر    iii۔ جملہ فعلیہ    iv۔ خبر اور مبتدا

یا

(ب) مندرجہ ذیل الفاظ اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

i۔ دعا    ii۔ شیوہ    iii۔ مشتاق    iv۔ خطا

سوال۷: کسی ایک شاعر کے حالات زندگی کے بارے میں **ایک** پیراگراف لکھئے۔ (4)

i. مرزا غالب    ii. مولانا محمد اسماعیل میرٹھی۔    iii. جمیل الدین عالی۔

## SECTION "C" (DETAILED ANSWER QUESTIONS) 30 Marks

حصہ "ج"

سوال۸: سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل عبارت کی تشریح سلیس اور بامحاورہ زبان میں کیجیۓ۔ (8)

رات کا وقت تھا بدھ رام کے دروازے پر شہنائی بج رہی تھی اور گاؤں کا جم غفیر نگاہ تھے بدھ رام کے لڑکے سکھ رام کا تلک آیا ہے اس کا جشن ہے گھر میں مستورات گا رہی تھیں اور روپا مہمانوں کی دعوت کا سامان لانے میں مصروف تھی۔

یا

سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کسی دو کی تشریح کیجیۓ۔

i. دنیا کا دستور ہے کہ کوئی فرد بشر رنج سے خالی نہیں' اگر ہر طرف خوشی ہی خوشی ہو تو انسان خدا کو بھول کر بھی نہ یاد کرے۔

ii. بڑھاپا بچپن کا دور ثانی ہوا کرتا ہے۔

iii. مجھ کو کیا آتا ہے مگر جو چار حرف بزرگوں کی عنایت سے آتے ہیں انشاء اللہ ان کے بتانے میں اپنے مقدر بھر دریغ نہ کروں گی

iv. بھولے بھالے بچے کی طرح جو مٹھائیاں پاکر اور مار اور گھرکیاں سب بھول جاتا ہے۔ بوڑھی کاکی بیٹھی ہوئی کھانا کھا رہی تھی' ان کے ایک ایک روئیں سے سچی دعائیں نکل رہی تھیں۔ روپا بیٹھی یہ روحانی نظارہ دیکھ رہی تھی۔

سوال۹: اپنے دادا / نانا کے نام خط لکھیں جس میں ان کی صحت کے بارے میں دریافت کریں اور انہیں اپنے تعلیمی نتائج اور حالیہ کامیابیوں کے بارے میں آگاہ کریں۔ (6)

یا

کسی اخبار کے اعلی مدیر کے نام **ایک** مراسلہ لکھیں جس میں بچوں کی تعلیم میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

سوال۱۰: (الف) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے مختصر تعارف کے ساتھ کیجیے۔ (6)

i. آب رواں سے منھ نہ اٹھاتے تھے جانور
جنگل میں چھپتے پھرتے تھے طائر ادھر ادھر

ii. مردم تھے سات پردوں کے اندر عرق میں تر
خس خانہ مژہ سے نکلتی نہ تھی نظر

iii. وہاں ریاض سے مسلسل کام چلتا ہے
یہاں گلے کے سہارے کلام چلتا ہے

iv. جو کرے گا امتیاز رنگ و خوں مٹ جائے گا
ترک خرگاہی ہو یا اعرابی والا گہر

v. نسل اگر مسلم کی مذہب میں مقدم ہو گئی
اڑ گیا دنیا سے تو مانند خاک رہ گزر

سوال۱۱: مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی **ایک** پر کم از کم دو صفحات کا مضمون تحریر کریں۔ (10)

i. موسمی تغیرات اور اس کے اثرات    ii. کتابوں کی اہمیت    iii. پاکستان کا مستقبل    iv. نوجوان نسل کے مسائل اور ان کا حل

END OF PAPER